تپ دق (TB) کلینکوں میں کئے جانے والے معائنے

Patient information:

HIV testing in TB clinics (Urdu)

چھاتی کا ایکسرے

یہ اس بات کا معائنہ کرنے کے لئے عمل میں لایا جاتا ہے کہ کیا آپ کو پھیپھڑے کا تپ دق ہے۔ اس کو بعد میں یہ جاننے کے لئے دُہرایا جاسکتا ہے کہ کیا علاج کام کررہا ہے۔

لعاب دہن/بلغم کا معائنہ

آپ کو لعاب کے نمونے فراہم کرنے کے لئے کہا جاسکتا ہے تاکہ اس بات کا معائنہ کیا جاسکے کہ کیا آپ کے پھیپھڑوں میں تپ دق ہے۔ معائنے کو بعد میں یہ جاننے کے لئے دُہرایا جاسکتا ہے کہ کیا آپ کا علاج کام کررہا ہے۔

خون کے معائنے

خون کے ٹیسٹ یہ ظاہر کرسکتے ہیں کہ کیا آپ خون کی کمی کا شکار ہیں یا آپ کے جسم میں کوئی چھوت موجود ہے۔ علاج کے شروع ہونے کے بعد ان ٹیسٹوں کو دہرانے سے یہ پتہ چل سکتا ہے کہ کیا چھوت ختم ہورہی ہے۔

دیگر معائنے ہمیں یہ بتانے کے لئے عمل میں لائے جاتے ہیں کہ آپ کا جگر اور گردے علاج سے پہلے اور علاج کے دوران کیسے کام کررہے ہیں ۔ یہ ٹیسٹ اہم ہیں کیونکہ آپکی بعض ادویات آپ کے جگر اور گردوں کی کارکردگی پر اثر انداز ہوسکتی ہیں۔

دیگرچھوتوں کےلئے ٹیسٹ

ہم تپ دق کلینک میں حاضرہونےوالے ہرشخص کےلئے ایک ایچ آئی وی (HIV) ٹیسٹ کی پیشکش کرتےہیں۔ HIV جسم کے مدافعتی نظام پراثراندازہوتا ہے، چنانچہ تپ دق زیادہ آسانی سےاپنے پاؤں جما سکتا ہے۔ HIV کےلئے ایک اچھا علاج موجود ہے جوآپ کی صحت بہتربناسکتا ہے۔

دیگرچھوتوں کےلئے معائنے

ہم آپ کا ہیپاٹائٹس بی اورہیپاٹائٹس سی کی چھوتوں کےلئے بھی ٹیسٹ کرسکتےہیں۔ یہ چھوتیں آپ کے جگرکے کام کرنےکےطریقے کوتبدیل کرسکتی ہیں اورآپ کے تپ دق کےعلاج پربھی اثراندازہوسکتی ہیں۔ اگرآپ کا ٹیسٹ مثبت ہے توآپ کو ایک خصوصی ماہرین کی ٹیم کی طرف بھیجا جاسکتا ہے۔

رازداری

آپ کےتمام معائنوں کےنتائج کورازداری میں رکھا جائےگا اورمعلومات کا صرف علاج معالجے سےمتعلق ان پیشہ ورافراد کےساتھ ہی تبادلہ کیا جائےگا جوآپ کےعلاج میں براہ راست ملوث ہیں۔

مزید معلومات

ایچ آئی وی HIV

NAHIP: www.nahip.org.uk
Do It Right: www.doitright.uk.com
THT: www.tht.org.uk

تپ دق TB

NKS TB: www.hpa.org.uk/tbknowledge
TB Alert: www.tbalert.org

دیگرمفید سائٹیں

NHS choices: www.nhs.uk
Health Protection Agency: www.hpa.org.uk

09/006